ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ناظم آباد سینٹرل۔کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Tel/Fax: 99260349 Email:dmc.centralinfo@gmail.com

پریس ریلیز

ناظم آباد ٹاؤن میں جراثیم کش ادویات کے اسپرے مہم کا آغاز

وائس چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن نے جراثیم کش اسپرے مہم کا افتتاح کیا۔

ناظم آباد ٹاؤن کی تمام یونین کمیٹیز میں جراثیم کش ادویات کا اسپرے کیا جائے گا :نعمان صدیقی

کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے ناظم آباد ٹاؤن میں اسپرے کی 10 گاڑیاں مہیاء کی گئیں۔

مورخہ:08 نومبر 2024

کراچی ( ) میئر کراچی کی ہدایت پر ناظم آباد ٹاؤن میں جراثیم کش ادویات کے اسپرے، وائس چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن نعمان صدیقی نے جراثیم کش اسپرے مہم کا آغاز کیا۔اس موقع پر میونسپل کمشنر اطہر سعید خان، ڈائریکٹر سینی ٹیشن ظہیر احمد و دیگر بلدیاتی افسران بھی موجود تھے۔وائس چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن نے مہم کا افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو صحت مند اور بیماریوں سے پاک ماحول کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے، مکھیوں، مچھروں اور دیگر جراثیم پھیلانے والے حشرت الارض کی افزائش میں اضافے کی وجہ سے ملیریا اور ڈینگی جیسی مہلک بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ موجود رہتا ہے جس کے پیش نظر ناظم آباد ٹاؤن کے مکینوں کو ان مہلک بیماریوں سے بچانے اور مکھیوں، مچھروں اور دیگر جراثیم کے خاتمے اور افزائش کو روکنے کے لئے ناظم آباد ٹاؤن میں با قائدہ جراثیم کش اسپرے مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے انہوں نے جراثیم کش ادویات کا اسپرے کرنے والے عملے کو ہدایت کی کہ ناظم آباد ٹاؤن کی ہر یونین کمیٹی کے ہر مقام پر اسپرے کو ممکن بنایا جائے خاص طور پر ندی نالوں کے قریب اور نشیبی علاقوں میں اسپرے گاڑیوں اور دستی مشینوں کے ذریعے زیادہ سے زیادہ اسپرے کیا جائے،انہوں نے کہا کہ اسپرے مہم عوام کا تعاون ہمارے لئے حوصلہ افزاء ثابت ہوگا، واضع رہے کہ ناظم آباد ٹاؤن کی اسپرے مہم میں تمام یونین کمیٹیز میں جراثیم کش ادویات کا اسپرے کیا جائیگا۔رہائشی علاقوں سمیت مساجد و امام بارگاہوں، اسکولز، کالجز، بازاروں اور شاپنگ سینٹرز کے اطراف بھی بھرپور اسپرے کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق بہتر ماحول مہیا کیا جاسکے، تاہم شہریوں کو بھی اس حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہئے اور کوشش کرنی چاہئے کہ گھروں کا کچرا نالوں اور سڑکوں پر نہ پھینکا جائے بلکہ ٹاؤن کی مقرر کردہ جگہوں پر کچرا ڈالا جائے اور اپنے گھر محلے کی صفائی ستھرائی کا ہر ممکن خیال رکھا جائے جب ہم سب مل کر کام کریں گے تو ناظم آباد ٹاؤن صاف وشفاف اور جراثیم سے پاک ٹاؤن بن جائے گا۔

فہیم مصطفیٰ

ڈائریکٹر انفارمیشن

ناظم آباد ٹاؤن